# ضمیمہ:		شعبہ بیرونی تعلقات کی کامیابیاں

دیگر مرکزی بینکوں کی طرح بینک دولت پاکستان بھی یہ سمجھتا ہے کہ زری پالیسی کے خالق اور ملکی بینکاری صنعت کے ضابطہ کار کی حیثیت سے اپنا کردار مؤثر طور پر ادا کرنے کے لیے متعلقہ فریقوں سے مسلسل رابطے میں رہنا اولین شرط ہے۔ ذرائع ابلاغ میں نئے رجحانات خصوصاً پاکستان میں نجی الیکٹرانک میڈیا کے آغاز کے بعد شعبہ بیرونی تعلقات (ای آر ڈی) کی اہمیت کہیں بڑھ گئی ہے۔ ملک میں اور بیرون ملک اسٹیٹ بینک کا مثبت تاثر قائم کرنے کے لیے شعبہ بیرونی تعلقات فعال کردار ادا کر رہا ہے اور اسٹیٹ بینک کو ایک خود مختار، جدید، متحرک اور انتہائی پروفیشنل مرکزی بینک کے طور پر سامنے لا رہا ہے۔

شعبہ بیرونی تعلقات نے اخبارات اور الیکٹرانک میڈیا میں اسٹیٹ بینک کے پالیسی اقدامات کو پیش کرنے کے لیے مناسب کوریج کا کامیاب اہتمام کیا ہے۔ مس09ء میں مجموعی طور پر 216 پریس ریلیزیں انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں جاری کی گئیں۔ (اس تعداد میں معمول کے پریس نوٹس شامل نہیں جو روزانہ/ہفتہ وار جاری کیے جاتے ہیں۔) علاوہ ازیں مس09ء کے دوران اسٹیٹ بینک کے گورنر کی پانچ پریس کانفرنسوں کا اہتمام کیا گیا نیز الیکٹرانک میڈیا میں ایگزیکٹو ڈائریکٹرز/ڈائریکٹرز کے متعدد انٹرویوز اور پینل مباحث کرائے گئے۔

مس09ء کے دوران شعبہ بیرونی تعلقات نے یکم جولائی 2008ء کو اسٹیٹ بینک کی 60 ویں سالگرہ کے موقع پر میڈیا میں بھرپور کوریج کا منصوبہ تیار کیا۔ 1948ء کے بعد سے اب تک اسٹیٹ بینک کی کامیابیوں کو اجاگر کرنے کے لیے الیکٹرانک میڈیا میں نیوز پیکیجز نشر کرنے اور اخبارات میں سپلیمنٹس کی اشاعت کا اہتمام کیا گیا۔ اس کے علاوہ شعبہ بیرونی تعلقات نے اسٹیٹ بینک کی 60 ویں سالگرہ پر بینک نیوز کا ایک خوبصورت خصوصی سپلیمنٹ شائع کیا۔ شعبہ بیرونی تعلقات نے اسٹیٹ بینک پر ایک دستاویزی فلم کی تیاری میں بھی مدد دی جو یکم جولائی 2008ء کو آج ٹی وی نیٹ ورک پر چلائی گئی۔

بینک کے افسران اور سینئر انتظامیہ کو ملک کے معاشی و معاشرتی اور سیاسی حالات سے آگاہ رکھنے کے لیے شعبہ بیرونی تعلقات نے ڈیلی الیکٹرانک نیوز اپ ڈیٹ کے فارمیٹ میں مزید بہتری پیدا کی اور ایک پندرہ روزہ الیکٹرانک ایس بی پی نیوز بلیٹن بھی شروع کیا جسے بینک کے بیشتر ملازمین نے پسند کیا۔ شعبہ بیرونی تعلقات نے بینک کی مطبوعات کی 25,000 سے زائد کاپیاں معروف جامعات/درسگاہوں کو بھیج کر اسٹیٹ بینک کی کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کی تکمیل میں بھی اپنا کردار ادا کیا۔ مس09ء کے دوران اسٹیٹ بینک کی تقسیم ہونے والی مطبوعات کی تعداد 92,887 تک پہنچ گئی۔

مطبوعات کی فہرست

نمبر شمار	مطبوعات	قیمت فی کاپی (روپے)
	ماہانہ مطبوعات	
1	شماریاتی بلیٹن (انگریزی)	160
2	اشیا اور خدمات کی برآمد (انگریزی)	260
3	اشیا اور خدمات کی درآمد (انگریزی)	260
	سہ ماہی مطبوعات	
1	پاکستانی معیشت کی کیفیت (انگریزی اور اردو)	320
2	بینکاری نظام کی کارکردگی کا سہ ماہی جائزہ (انگریزی)	50
	ششماہی مطبوعات	
1	پاکستان میں جدولی بینکوں کی شماریات (انگریزی)	180

	سالانہ مطبوعات	
1	سالانہ رپورٹ-معیشت کا جائزہ (جلد اول) (انگریزی اور اردو)	450
2	سالانہ رپورٹ-کارکردگی کا جائزہ (جلد دوم) (انگریزی اور اردو)	375
3	عام حصص پر ایکویٹی یافت (انگریزی)	140
4	برآمدی وصولیاں (انگریزی)	240
5	پاکستانی معیشت کی شماریات کی ہینڈ بک (انگریزی)	300
6	کے ایس ای میں فہرستی جوائنٹ اسٹاک کمپنیوں کی بیلنس شیٹس کا تجزیہ (انگریزی)	600
7	پاکستان کی بینکاری شماریات (انگریزی)	435
8	بینکاری نظام کا جائزہ (انگریزی)	230
9	پاکستان میں بیرونی واجبات واثاثے اور بیرونی سرمایہ کاری (انگریزی)	145
10	پاکستان کا توازن ادائیگی (انگریزی)	150
11	پاکستان کے مالی شعبے کی جانچ (انگریزی)	395
12	مالی استحکام کا جائزہ (انگریزی اور اردو)	395
13	اسٹاک ایکسچینج کے تمسکات کا اشاریہ نمبر (انگریزی)	150
	متفرق مطبوعات	
1	زرمبادلہ مینوئل جلد اول اور دوم (دستیاب نہیں)	950
2	اسلامی بینکاری اور مالیات-نظریہ اور عمل از محمد ایوب (دستیاب نہیں)	480
3	بینکوں کے لیے کم سے کم سرمائے کی شرط (انگریزی)	100
4	پاکستانی معیشت کے موجودہ مسائل (انگریزی)	170
5	پاکستانی معیشت کے کلیدی مسائل (انگریزی)	170
6	پاکستانی معیشت کو درپیش اہم مسائل (انگریزی)	170
7	کارپوریٹ رکمرشل بینکاری کے لیے محتاطیہ قواعد (انگریزی)	100
8	صارفی مالکاری کے لیے محتاطیہ قواعد (انگریزی)	50
9	ایس ایم ای مالکاری کے لیے محتاطیہ قواعد (انگریزی)	60
10	ریسرچ بلیٹن (انگریزی)	250
11	قائداعظم کی جائیداد اور سرمایہ کاری (اردو)	200
	بینک دولت پاکستان کی تاریخ	
1	اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی تاریخ جلد اول (1948ء تا 1960ء) (انگریزی)	650
2	اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی تاریخ جلد دوم (1960ء تا 1977ء) (انگریزی)	550
3	اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی تاریخ جلد سوم (1977ء تا 1988ء) (انگریزی)	925
4	اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی تاریخ جلد چہارم (1988ء تا 2003ء) (انگریزی)	1200